## سوال

(33) حالت خطبہ میں بوجہ گرمی کے پنکھا کرلینا جائز ہے یا نہیں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حالت خطبہ میں بوجہ گرمی کے پنکھا کرلینا جائز ہے یا نہیں؟ زید کا خیال ہے ایسا کرنا آداب مجلس کے خلاف ہے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک حدیث میں آیا ہے بعض صحابہ گرمی میں مٹھی میں مٹی بھرلیتے اور سجدہ کرتے وقت ماتھے کے نیچے رکھ لیتے تاکہ ماتھے کو آرام پہنچے، اس حدیث سے اگر استنباط کیا جائے تو پنکھے سے آرام حاصل کرنا جائز معلوم ہوتا ہے۔

اس مسئلہ میں ۱۹۳۲ء میں کتب خانہ مولانا شمس الحق صاحب ڈیانوی کے پاس جب میں ٹھہرا ہوا تھا کچھ آثار صحابہ یا تابعین میں نے قلمی کتابوں سے نقل کئے تھے جو اس وقت موجود تھیں۔ دہلی کتب میں رہ گئے ان سے جواز ثابت ہوتا تھا۔ واللہ اعلم ابو سعید شرف الدین دہلوی

(فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۶۱۰)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 04 ص 81